© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● مجلس احرار اسلام حلقہ قاسم بیلہ ملتان کے قدیم کارکن بھائی سعید احمد کے والد ماجد، انتقال: ۴؍ جولائی ۲۰۱۳ء بعد نماز مغرب سید محمد کفیل بخاری نے نماز جنازہ پڑھائی۔ احرار کارکنوں نے بھی شرکت کی۔

● ہمارے قدیمی دوست اور مہربان حافظ عرفان (باٹا شوز چوک کچہری ملتان) ۸؍ رمضان، ۱۸؍ جولائی، شب جمعہ انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی صالح انسان تھے۔ نماز تراویح میں قرآن سنا کر گھر گئے، اچانک دل کا دورہ پڑا اور خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ موت پہلے اُن کی زندگی کا آخری عمل نمازِ تراویح میں قرآن کریم پڑھنا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی مغفرت فرمائے۔ (آمین)

● ملتان میں ہمارے مہربان اور مجلس احرار کے کارکن محمد اسماعیل (خیاط) سورج میانی کے والد ماجد ۳۰؍ جون کو انتقال کر گئے۔

● نقیب کے محترم قاری، جناب رشید احمد حقانی (کوئٹہ) کے چچا زاد اور شیخ الحدیث مولانا نور محمد رحمۃ اللہ علیہ کے چھوٹے فرزند محمد اسماعیل ۱۲؍ جولائی ۲۰۱۳ء کو کفار کے ایک حملے میں شہید ہو گئے۔

● ہمارے نہایت محترم بھائی سید محمد خاتم اندرابی (کراچی) کے حقیقی ماموں اور حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ کے ننھیالی خاندان کے بزرگ سید محمد سعید اندرابی پٹنہ (بھارت) میں انتقال فرما گئے۔

● چیچہ وطنی میں ہمارے میز بان رائے نیاز احمد خاں کے داماد رانا تنویر احمد 5؍ جولائی کو امریکہ میں انتقال فرما گئے

● چیچہ وطنی کے چک نمبر 174-9 ایل کے سید محبوب حسین شاہ 9؍ جولائی کو انتقال فرما گئے، مرحوم اِنتہائی نیک سیرت انسان تھے خانقاہ سراجیہ سے منسلک تھے اور دار العلوم ختم نبوت اور دینی اداروں کے خصوصی معاون تھے

● محترم جناب سیف اللہ خالد (روزنامہ ''اُمت'') کے خالہ زاد بھائی ضیاء الرحمٰن 30 شعبان کو چک نمبر 47-12 ایل چیچہ وطنی میں انتقال فرما گئے

اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل سے نوازے۔ (آمین) قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعائے صحت

- مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے قدیم کارکن جناب محمد اشرف صاحب فراش ہیں
- چنیوٹ میں محترم محمد حنیف مغل کا آپریشن ہوا ہے
- احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے صدر شیخ عبدالواحد (گلاسگو) علیل ہیں
- ہمارے محسن و کرم فرما جناب مسعود اختر صاحب (سلیمی دواخانہ، ملتان والے) کینیڈا میں شدید علیل ہیں
- لاہور میں قدیم احرار کارکن چودھری محمد اکرام صاحب علیل ہیں
- مجلس احرار اسلام کے قدیم کارکن عزیز الرحمٰن سنجرانی شدید علیل ہیں
- مدرسہ معمورہ کے سابق سفیر بھائی بشیر چغتائی شدید علیل ہیں

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com